31.03.2025

21.15Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

.....................................................................

* اقلیتی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے اپوزیشن پر زور دیا ہے کہ وہ وقف ترمیمی بل کے بارے میں عوام کو گمراہ نہ کرے۔ انہوں نے جائیداد کی ضبطگی کے اندیشے کو پروپیگنڈہ قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔

* مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی کی حکومت نے جامع رسائی کے ساتھ ملک کے صحت کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا ہے۔

* میانما نے، سات دن کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے کیونکہ جمعہ کے روز آنے والے زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 2 ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔ بھارتی ٹیموں نے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کی کارروائیوں کو تیز کردیا ہے۔

* فرانس کی عدالت نے، انتہائی دائیں بازو کی لیڈر Marine Le Pen کو یوروپی یونین فنڈس کے غبن کے معاملے میں سزائے قید دی ہے۔ عدالت نے ان پر کسی بھی سرکاری عہدے پر فائز رہنے پر پابندی عائد کردی ہے۔

* عید الفطر پورے ملک میں مذہبی عقیدے اور جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔

* اور IPL کرکٹ میں، کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے میزبانی ممبئی انڈینس کے خلاف جیت کے لیے 117 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

.....................................................................

اب خبریں تفصیل سے

REV.RIJIJU WAQF BILL

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کِرن رجیجو نے اپوزیشن پارٹیوں سے کہا ہے کہ وہ وقف ترمیمی بِل کے بارے میں عوام کو گمراہ نہ کریں۔ پروپیگنڈے کے طور پر، املاک ضبط ہو جانے کے اندیشے پھیلائے جانے کو مسترد کرتے ہوئے، انہوں نے سبھی سیاسی پارٹیوں سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ میں وقف ترمیمی بِل پیش کیے جانے کے وقت تفصیلی بحث مباحثہ کریں۔

آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ بِل تیار ہے اور کچھ رہنما، اِس بِل کے بارے میں جھوٹی باتیں پھیلا رہے ہیں، جو سماج اور قوم کے لیے کافی نقصان دہ ہے۔

## S/B - Kiren Rijiju False Narrative

اسی دوران بھارت کی Catholic Bishops کانفرنس CBCI نے کہا ہے کہ موجودہ مرکزی وقف قانون میں، کچھ شقیں آئین کے مطابق نہیں ہیں اور کیرالہ میں وقف بورڈ نے اِن شقوں کو Munambam خطّے میں وقف زمین کے طور پر، 600 سے زیادہ کنبوں کی، آبائی رہائشی املاک قرار دینے کے لیے استعمال کیا ہے۔

آج جاری ایک بیان میں CBCI نے بتایا کہ پچھلے 3 سال میں یہ معاملہ ایک پیچیدہ قانونی تنازعے کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ اب صرف کسی قانونی ترمیم سے کوئی مستقل حل فراہم کیا جا سکتا ہے۔

CBCI نے سیاسی پارٹیوں اور قانون ساز ارکان سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اس معاملے کے تئیں غیر متعصبانہ اور تعمیری نظریہ اپنائیں۔

اقلیتی امور کے وزیر رجیجو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ CBCI نے سیاسی پارٹیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ وقف ترمیمی بِل کی حمایت کریں۔

انہوں نے کہا کہ کیرالہ کے Munambam علاقے میں سینکڑوں کنبوں اور ملک کے بے شمار لوگوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ہے اور وہ اپنی املاک اور گھروں کی حفاظت کے لیے کوئی حل تلاش کر رہے ہیں۔×

## AMIT SHAH - HISAR VISIT

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی سرکار نے پچھلی دہائی میں، پورے ملک میں صحت کے شعبے کو بہتر بنانے کے تئیں جامع رسائی کرکے، ملک کے صحت کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ صحت کے بنیادی ڈھانچے کو ترقی دے کر ابتدائی سطح سے تیسری سطح پر پہنچایا گیا ہے۔

وہ آج ہریانہ کے شہر ہسار میں مہاراجہ اگرسین میڈیکل کالج کیمپس میں مہاراجہ اگرسین کے مجسمے کی نقاب کشائی کرنے کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔

SB - Amit Shah - Medical Infrastructure

اِس موقع پر جناب شاہ نے نوتعمیر شدہ ICU کا افتتاح بھی کیا نیز پوسٹ گریجویٹ ہاسٹل کا سنگِ بنیاد بھی رکھا۔

جناب شاہ نے کہا کہ جس وقت نریندر مودی وزیر اعظم بنے تھے، اُس وقت ملک میں 7 آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، AIIMS تھے، جن میں سے چھ اٹل بہار واجپئی کی قیادت والی حکومت کے دوران قائم کئے گئے تھے۔ مرکزی وزیر موصوف نے کہا کہ اب ملک میں 23 ایمس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل کالجوں کی تعداد 387 سے بڑھ کر 766 ہوگئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ MBBS سیٹوں کی تعداد 51 ہزار سے بڑھ کر ڈیڑھ لاکھ ہوگئی ہے، جن میں آئندہ پانچ سالوں میں مزید 85 ہزار سیٹوں کا اضافہ کیا جائے گا۔ جناب شاہ نے مختلف شعبوں میں NDA حکومت کے ذریعے کئے گئے بہت سے اقدامات کو بھی اجاگر کیا۔

ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی، ریاستی وزیر صحت آرتی سنگھ راؤ، ریاست کے BJP کے سربراہ موہن لال Badoli، کروکشیتر سے BJP کے رکنِ پارلیمنٹ نوین جِندل اور دیگر عمائدین اِس موقع پر موجود تھے۔ x

SHAH - DRUGS

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ دلّی NCR میں بڑے Narco نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ منشیات کو کنٹرول کرنے کے بیورو NCB اور دلّی پولیس نے اِس گروہ کو دھر پکڑا اور اُن سے Methamphetamine، MDMA اور Cocaine برآمد کی، جس کی مالیت 27 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ ٹیم نے چار افریقی باشندوں سمیت پانچ افراد کو گرفتار بھی کیا ہے۔ اِن افریقی باشندوں کا تعلق نائیجریا کے ایک بااثر خاندان سے ہے۔ جناب شاہ نے اِس اہم کامیابی کیلئے NCB اور دلّی پولیس کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کی تجارت کے خلاف حکومت کی کارروائی مسلسل جاری ہے کیونکہ نریندر مودی حکومت نے منشیات کے خلاف صفر برداشت رسائی اپنائی ہے۔
x

PUNJAB - DRUGS

پنجاب پولیس نے Tarn Taran میں منشیات کے ایک اسمگلر کو گرفتار کیا ہے اور اس کے قبضے سے 15 کلوگرام Heroin برآمد کی۔ اس کا تعلق پاکستان اور امریکہ میں قائم منشیات کے سنڈیکیٹس سے ہے۔ ریاستی حکومت کے ذریعے " Yudh Nasheyan Virudh' مہم کے آغاز کے بعد سے ضبط کی گئی اب تک کی یہ سب سے بڑی کھیپ ہے۔ پنجاب کے DGP گورو یادو نے بتایا کہ پکڑے گئے شخص کی شناخت امرتسر کے ہرش پریت سنگھ کے طور پر کی گئی ہے، جو پاکستان کے ساتھ سرحد کے نزدیک علاقوں میں منشیات کی کھیپوں کو حاصل کرنے میں کلیدی تھا۔

منشیات کے دیگر تاجروں کو فروخت کرنے کے بعد، منشیات سے حاصل کی جانے والی رقم کو وہ حوالہ چینلوں کے ذریعے، امریکہ میں قائم اپنے ہینڈلر کو بھیجا کرتا تھا۔ اس سلسلے میں ایک کیس درج کیا گیا ہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں-x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

PREZ - MUMBAI VISIT

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اپنے دو روزہ دورے پر آج شام ممبئی پہنچ گئی ہیں۔ ہوائی اڈے پر اُن کا خیرمقدم گورنر سی پی رادھا کرشنن اور نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شِندے نے کیا۔ صدرِ جمہوریہ مرمو کل ممبئی میں بھارت کے ریزرو بینک کی 90ویں یومِ تاسیس کی تقریبات کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گی۔ بھارت کے ریزرو بینک نے اپنے باضابطہ سوشل میڈیا ہینڈل کے ذریعے تصدیق کی ہے کہ مرکزی وزیر جیوترادتیہ سندھیا، مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور دیگر عمائدین بھی اس تقریب میں موجود ہوں گے۔ RBI کے گورنر سنجے ملہوترا خیرمقدمی خطاب کریں گے-x

PENSION SCHEME - UPS

مرکزی حکومت کے ملازمین کیلئے یونیفائیڈ پنشن اسکیم (UPS) کا نفاذ کَل سے ہوگا۔ مرکزی حکومت نے، قومی پنشن نظام کے تحت، ایک اختیار کے طور پر، UPS متعارف کرائی ہے۔ پنشن فنڈ کی ضابطہ اور ترقیاتی اتھارٹی PFRDA نے حال ہی میں UPS کے کام کاج کے طریقوں کیلئے ضابطوں کو نوٹیفائی کیا ہے۔ اِن ضابطوں میں مرکزی حکومت کے ملازمین کے تین گروپ شامل کئے گئے ہیں۔ x

TELENGANA COAL MINISTER

کوئلے کی کانوں کے مرکزی وزیر جی کِشن ریڈّی نے نوجوانوں بالخصوص ضلعوں اور دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے اسٹارٹ اَپس اور تجارتی کاروبار کے ساتھ آگے آئیں۔

آج حیدرآباد میں Vikasit Bharat Enterpreneurs Network Office کا افتتاح کرنے کے بعد وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت مرکزی سرکار نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے تاکہ وہ اپنے ذاتی اسٹارٹ اَپس اور تجارتی کاروبار قائم کر کے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کریں اور 2047 تک ملک کو ترقی یافتہ بنا سکیں۔

MYANMAR THAI QUAKE

میانما میں پچھلے ہفتے کے تباہ کُن زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 2 ہزار سے زیادہ ہو گئی ہے۔ جمعے کو ملک کے Mandalay علاقے میں 7 اعشاریہ 7 شدّت کے زلزلے کے کچھ ہی منٹ بعد 6 اعشاریہ 4 شدّت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔ اِن زلزلوں سے کئی ملکوں تھائی لینڈ، ویتنام، لاؤوس اور جنوب مغربی چین میں نقصانات ہوئے۔

میانما کی فوجی قیادت نے آج کہا کہ اِن زلزلوں کی وجہ سے ابھی تک 2 ہزار 56 افراد ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ 3 ہزار 900 سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ 270 افراد لاپتہ ہیں۔

اسی دوران ملک کی انتظامیہ کونسل کے چیئرمین، سینئر جنرل Min Aung Hlaing نے 7 دن کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اس دوران، قومی پرچم سر نگوں رہے گا۔

ملک میں بچاؤ کارروائی زوروں پر ہے اور بین الاقوامی راحت کوششیں بھی جاری ہیں۔

بھارت، روس، متحدہ عرب امارات، اقوامِ متحدہ اور دیگر ملکوں نے خصوصی بچاؤ ٹیمیں اور امداد روانہ کی ہے۔ اقوامِ متحدہ نے 80 لاکھ ڈالر کی فوری اپیل کی ہے، کیونکہ امدادی گروپوں نے جنگ سے تباہ حال اس ملک میں انسانی ہمدردی کے بحران کی حالت مزید ابتر ہو جانے کے بارے میں خبردار کیا ہے۔

بھارت نے، امداد، بچاؤ اور راحت کام کے لیے آپریشن برہما شروع کیا ہے، جس کے تحت وہ کئی ٹن راشن، خیمے اور دوائیں فراہم کر رہا ہے۔

بھارت کی بچاؤ ٹیمیں زندہ بچ رہنے والوں کی تلاش کے کام میں مدد کر رہی ہیں، نیز وہ انسانی ہمدری کی بنیاد پر طبّی مدد اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت فراہم کر رہی ہیں۔

میانما کے شہر ینگُون میں بھارتی سفارتخانے نے بتایا کہ مزید امداد، Mandalay اور ینگُون بھیجی جا رہی ہے۔ میانما کے موسمیات اور آبی علوم کے محکمے نے بتایا ہے کہ آج صبح تک زلزلے کے 36 جھٹکے محسوس کیے جا چکے ہیں، جن کی شدّت 2 اعشاریہ 8 سے 7 اعشاریہ 5 تک تھی۔

پڑوسی ملک تھائی لینڈ میں 19 افراد کے مرنے کی خبر ہے، جبکہ بینکاک میں جن عمارتوں میں دراڑیں آئی ہیں، اُن سے ہزاروں لوگ دوسری جگہ منتقل ہو چکے ہیں۔

تھائی لینڈ کی راجدھانی میں بچاؤ کوششیں جاری ہیں۔ یہاں 75 تعمیراتی کارکن ایک زمین بوس عمارت کے ملبے میں دبے ہوئے ہیں۔ شہر کے نائب گورنر نے کہا ہے کہ گھنٹوں سے دبے ہوئے اس ملبے میں لوگوں کے زندہ بچ رہنے کے آثار کم ہی ہیں۔×

FRANCE PREZ HOPEFUL -JAIL

فرانس میں ایک عدالت نے انتہائی دائیں بازو کی لیڈر Marine Le Pen کو یوروپین یونین کے فنڈ میں خورد بُرد کرنے کا قصوروار قرار دیا ہے۔ عدالت نے اُنہیں قید کی سزا سنائی ہے اور ان کے کوئی سرکاری عہدہ حاصل کرنے پر پابند لگا دی ہے۔ پیرس کی عدالت کا کہنا ہے کہ محترمہ Le Pen نے اپنی نیشنل ریلی-آر این پارٹی کے ارکان کو رقم دینے کے لیے یوروپی پارلیمنٹ کے فنڈ میں سے 3 اعشاریہ 3 ملین ڈالر سے زیادہ رقم کا استعمال کیا۔ وہ اس وقت رکن پارلیمنٹ ہیں۔ اُن کے ساتھ ساتھ ان کی پارٹی کے دیگر آٹھ افراد کو بھی قصوروار قرار دیا گیا ہے۔

سزا کا حکم دیتے ہوئے چیف جج نے کہا کہ Le Pen پانچ سال تک صدارتی انتخابات میں حصہ نہیں لیں گی اور ان پر یہ پابندی آج سے ہی لاگو ہوگی۔

اُن پر ایک ہزار آٹھ سو ڈالرز کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ امکان ہے کہ محترمہ Le Pen اس حکم نامے کے خلاف اپیل دائر کریں گی۔×

NETHERLAND FM - INDIA

نیدر لینڈ کے وزیرِ خارجہ Caspar Veldkamp بھارت کے دو روزہ دورے پر، آج شام نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ یہ اُن کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ دورہ، بھارت اور نیدر لینڈ کے درمیان کثیر جہتی تعلقات کو مزید مستحکم کرے گا۔ x

CHILE PRESIDENT VISIT

چلی کے صدر گیبریئل بورِک فونٹ، کل سے بھارت کے 5 روزہ دورے پر آئیں گے۔ اُن کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی ہوگا، جس میں وزراء، پارلیمنٹ کے ارکان، تجارتی ایسوسی ایشنز اور چلی کی وہ ممتاز شخصیتیں بھی شامل ہیں، جن کا تعلق بھارت-چِلی ثقافتی رابطوں سے ہے۔ صدر کی حیثیت سے جناب بورِک کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔

اپنے دورے میں صدر بورِک کل وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کریں گے اور بھارت-چلی تعلقات کے پورے منظرنامے پر بات چیت کریں گے۔ صدر بورِک، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے، جو اُن کے اعزاز میں ایک ضیافت کا اہتمام کریں گی۔

صدر بورِک آگرہ، ممبئی اور بنگلورو بھی جائیں گے، جس کے بعد وہ 5 اپریل کو اپنے وطن واپس چلے جائیں گے۔×

REV EID UL FITAR

آج عیدالفطر ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔ عقیدتمندوں نے بڑی تعداد میں عید کی نماز، عیدگاہوں اور بڑی مساجد میں ادا کی۔ بعد میں انہوں نے ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دی۔ عید رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے اختتام پر منائی جاتی ہے۔

دلّی میں عید کی نماز بڑے پیمانے پر جامع مسجد، فتح پوری اور شاہی عیدگاہ میں ادا کی گئی۔ اس موقع پر خطبہ دیتے ہوئے، نماز پڑھانے والے اماموں نے لوگوں سے امن اور ہم آہنگی برقرار رکھنے کی اپیل کی نیز ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے دعا کی۔ ملک کے دیگر حصوں سے بھی عید کی تقریبات کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔

جموں میں لوگوں کی سب سے زیادہ تعداد نے عید کی نماز عید گاہ گراؤنڈ میں ادا کی، جہاں سینکڑوں مسلمان نماز ادا کرنے کیلئے یکجا ہوئے۔

ایک رپورٹ...

تلنگانہ میں سب سے زیادہ لوگ حیدرآباد میں عید گاہ میرعالم میں نماز ادا کرنے کیلئے پہنچے، جہاں خصوصی نماز کیلئے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے نماز ادا کی۔

## J&K EID UL FITAR

جموں و کشمیر میں، عیدالفطر کا تہوار مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ رمضان کے مہینے کے اختتام پر عیدالفطر کا تہوار منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر پُر سکون ماحول میں عید کی نماز ادا کی گئی اور کسی طرح کا نا خوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور سابق وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ نے شری نگر کی حضرت بَل درگاہ میں لوگوں کے ساتھ نماز پڑھی، جبکہ جموں میں سب سے بڑا اجتماع عید گاہ میدان میں ہوا۔ اس تہوار میں مذہبی ہم آہنگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہندو اور سِکھ برادری نے لوگوں کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر حکام نے سکیورٹی، صفائی ستھرائی اور بلا روکاوٹ تہوار منانے کو یقینی بنایا۔×

## IPL CRICKET

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، آج شام وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس نے میزبان ممبئی انڈینس کے خلاف جیت کیلئے 117 رَن کا نشانہ رکھا ہے۔ اس سے قبل بلے بازی کرتے ہوئے، کولکاتہ نائٹ رائیڈرس 16 اعشاریہ دو اوورس میں 116 رَن بناکر آؤٹ ہوگئی۔

ممبئی انڈینس کی ٹیم ٹورنامنٹ میں اپنا پہلا میچ جیتنے کیلئے جدوجہد کررہی ہے کیونکہ اپنے سابقہ میچوں میں اسے گجرات ٹائٹنس اور چنئی سُپر کنگس نے ہرا دیا تھا۔ دوسری جانب کولکاتہ نائٹ رائیڈرس نے ایک میچ جیتا ہے، جبکہ ایک میچ ہارا ہے۔ اس نے راجستھان رائلس کو ہرایا لیکن سیزن کے افتتاحی میچ میں وہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہار گئی۔ x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

* اقلیتی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے اپوزیشن پر زور دیا ہے کہ وہ وقف ترمیمی بل کے بارے میں عوام کو گمراہ نہ کرے۔ انہوں نے جائیداد کی ضبطگی کے اندیشے کو پروپیگنڈہ قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔

* مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی کی حکومت نے جامع رسائی کے ساتھ ملک کے صحت کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا ہے۔

* میانما نے، سات دن کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے کیونکہ جمعہ کے روز آنے والے زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 2 ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔ بھارتی ٹیموں نے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کی کارروائیوں کو تیز کردیا ہے۔

* فرانس کی عدالت نے، انتہائی دائیں بازو کی لیڈر Marine Le Pen کو یوروپی یونین فنڈس کے غبن کے معاملے میں سزائے قید دی ہے۔ عدالت نے ان پر کسی بھی سرکاری عہدے پر فائز رہنے پر پابندی عائد کردی ہے۔

* عید الفطر پورے ملک میں مذہبی عقیدے اور جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔

* اور IPL کرکٹ میں، کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے میزبانی ممبئی انڈینس کے خلاف جیت کے لیے 117 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

----------------------------------